2589-قرآن مجید کا ترجمہ پڑھنے کا اجرو ثواب

سوال

سوال نمبر (2237) جس کا موضوع جمعہ کی رات اجتمائی طور پر سورۃ یس کی تلاوت کرنا "کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ، اس حدیث کا اشارہ کیا گیا ہے جس میں یہ مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :
جس نے کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھا اسے ایک نیکی ملے گی اور نیکی دس کے برابر ہے میں یہ نہیں کہتا کہ الم حرف ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف اور میم ایک حرف اور لام ایک حرف ہے "
تو میں سوال یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ حدیث قرآن مجید کا ترجمہ پڑھنے والے پر بھی صادق آتی ہے یعنی انگلش وغیرہ میں تاکہ جو کچھ وہ پڑھ رہا ہے اسے سمجھ سکے ؟

پسندیدہ جواب

ہم اللہ تعالی سے دعاگو ہیں کہ وہ آپ کی اس حرص پر آپ کو اجرو ثواب سے نوازے ، اور جو کچھ آپ نے پوچھا ہے اس کے متعلق گزارش ہے کہ حدیث مذکورہ میں جو اجرو ثواب بیان کیا گیا ہے وہ تو صرف اسے ہی حاصل ہوگا جو قرآن مجید عربی میں ہی پڑھتا ہے ، کسی اور لغت میں ترجمہ یا معانی پڑھنے سے اس حدیث والا اجرو ثواب نہیں بلکہ جو بھی قرآن مجید کو سمجھنے اور غورو فکر اور ان آیات پر تدبر کے لیے پڑھتا ہے تو اسے اس پر اجرو ثواب تو ضرور حاصل ہوگا اللہ تعالی اسے اجر ضرور دے گا ۔

اس لیے کہ مسلمان تفسیر قرآن اور ترجمہ پڑھنے پر عنداللہ ماجور ہے ، صرف اتنی بات ہے کہ اس بات کی کوئی دلیل نہیں کہ حدیث مذکورہ والا اجرو ثواب اسے حاصل ہوتا ہو ، اور اللہ تعالی کا فضل بڑا وسیع ہے ۔

واللہ تعالی اعلم.